# India-UAE Consultations on UN Issues

April 26, 2022

## اقوام متحدہ کے مسائل پر ہندوستان- یو اے ای کے مابین مشاورت

26 اپریل، 2022

ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) کی سطح پر ہندوستان- یو اے ای کے مابین اقوام متحدہ کی مشاورت کا پہلا دور 26 اپریل کو ابوظہبی میں منعقد ہوا۔ ہندوستانی وفد کی قیادت جنب پرکاش گپتا، جوائنٹ سکریٹری (یو این پولیٹیکل) کر رہے تھے اور ان کے ساتھ ابوظہبی میں ہندوستان کے سفارت خانے کے حکام بھی موجود تھے، جبکہ متحدہ عرب امارات کے وفد کی قیادت محترمہ احد الزابی نے کی جو کہ متحدہ عرب امارات کی وزارت خارجہ اور بین الاقوامی تعاون میں اقوام متحدہ کے شعبہ کی ڈائریکٹر ہیں۔

2۔ دونوں فریقین نے اپنی جاری یو این ایس سی کی میعاد کے دوران ترجیحی شعبوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اپنی جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ کو برقرار رکھتے ہوئے، انہوں نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر خاص طور پر اصلاح شدہ کثیر الجہتی نظام اور انسداد دہشت گردی کے لیے اپنے مشترکہ عزم پر مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔

3۔ ہندوستان نے یو اے ای کو مارچ 2022 میں یو این ایس سی کی کامیاب صدارت پر بھی مبارکباد دی۔ دونوں فریقین نے کثیر الجہتی مسائل پر اپنے اتفاق اور باہمی تعاون کا خیر مقدم کیا۔

**ابوظہبی**

**26 اپریل، 2022**

**DISCLAIMER:** This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.